بینک دولت پاکستان
شعبہ بینکاری پالیسی وضوابط
آئی آئی چندریگر روڈ
کراچی

بی پی آر ڈی مراسلہ نمبر 12   26 اکتوبر 2015ء

صدور/ چیف ایگزیکٹو آفیسرز
جملہ بینک/ ترقیاتی مالی ادارے/ خرد مالکاری بینک

محترم/ محترمہ،

سرکاری و دیگر اغراض کے لیے اردو زبان کے استعمال کے انتظامات

اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کی دفعہ 251 کے مطابق پاکستان کی قومی زبان اردو ہے اور اس کو سرکاری و دیگر اغراض کے لیے استعمال کرنے کے انتظامات کیے جائیں گے۔

2۔ اس پس منظر میں جناب وزیر اعظم پاکستان نے دستوری تقاضوں کی روح کے مطابق ایک لائحہ عمل منظور کیا ہے جس کے تحت ابتدائی طور پر لازمی ہے کہ :

- تمام فارم، پالیسیاں اور دیگر دستاویزات جو عوام کے استعمال میں آتی ہوں اردو اور انگریزی دونوں میں طبع کی جائیں۔
- بینکوں کی عمارات میں عوام کی رہنمائی کے لیے سائن بورڈ اردو اور انگریزی دونوں میں نصب کیے جائیں۔

3۔ مندرجہ بالا امور کی روشنی میں تمام بینکوں/ ترقیاتی مالی اداروں/ خرد مالکاری بینکوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ہنگامی بنیاد پر دستور پاکستان کی دفعہ 251 کے تقاضوں کی تعمیل کی خاطر مذکورہ بالا لائحہ عمل کے نفاذ کے لیے فوری اقدامات کریں۔

4۔ براہ کرم وصولی سے مطلع کریں۔

مخلص
دستخط
(شوکت زمان)
ڈائریکٹر